شادی کی دعوت کے لئے کون سا وقت رکھا جائے، جس میں نمازوں کی پابندی ہو سکے

دار الافتاء اہلسنت (دعوت اسلامی)

سوال

شادیوں کے موقع پر پکے نمازی بھی فرض نمازوں کی پابندی نہیں کرتے، نماز کی پابندی کرنا چاہیں تو کیسے کریں؟ شادی کا ٹائم ٹیبل کیا رکھنا چاہیے کہ جس میں نماز کی پابندی ہو سکے؟ دلہا اور دلہن کی بھی نماز قضا نہ ہو۔؟ اگر عشاء کے بعد نکاح کر لیا جائے تو ایسا کرنا کیسا ہے؟

جواب

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِکِ الْوَھَّابِ اَللّٰھُمَّ ھِدَایَۃَ الْحَقِّ وَالصَّوَابِ

مسلمانوں کو چاہیئے کہ جب بھی شادی بیاہ نیاز یا کسی قسم کی تقریب ہو، نماز کا وقت ہوتے ہی کوئی مانع شرعی نہ ہو تو اِنفرادی واِجتماعی کوشش کے ذریعے تمام مہمانوں سمیت نمازِ باجماعت کیلئے مسجد کا رُخ کریں۔ بلکہ ایسے اوقات میں دعوت ہی نہ رکھیں کہ بیچ میں نماز آئے اور گہما گہمی یا سُستی کے باعث معاذ اللہ عَزَّوَجَلَّ جماعت فَوت ہو جائے۔ دوپہر کے کھانے کیلئے فوراً بعدِ نمازِ ظہر اور شام کے کھانے کیلئے بعدِ نمازِ عشاء مہمانوں کو بلانے میں غالباً باجماعت نمازوں کیلئے آسانی ہے۔ میزبان، باورچی، کھانا تقسیم کرنے والے وغیرہ سبھی کو چاہیے کہ وقت ہو جائے تو سارا کام چھوڑ کر باجماعت نماز کا اہتمام کریں۔ شادی یا دیگر تقریبات وغیرہ اور بزرگوں کی "نیاز" کی مصروفیت میں اللہ عَزَّوَجَلَّ کی (حکم کردہ) "نمازِ باجماعت" میں کوتاہی بہت بڑی غلطی ہے۔ (فاتحہ اور ایصالِ ثواب کا طریقہ)

نیز جس طرح شرعی احکام دعوت میں شرکت والوں کے لیے بیان کیے گئے ہیں، یونہی شرعی احکامات کی پابندی دولہن اور دولہا کے لیے بھی لازم ہے، اگر دولہن یا دولہا کسی حکم شریعت کی خلاف ورزی کریں گے تو وہ بھی گناہ گار ہوں گے۔ دولہن، دولہا کو بھی یہ ذہن میں رکھنا چاہیے کہ جس کام میں اللہ عزوجل کی نافرمانی ہو اس میں کسی بھی مخلوق کی اطاعت جائز نہیں۔ لہذا جو مجبور کرے اسے حکم شرعی بیان کر دیں، اور مجبور کرنے والے کو بھی غور کرنا چاہیے کہ دوسروں کو غیر شرعی حکم دے کر اپنی آخرت خراب کرنا ہر گز عقل مندی نہیں ہے۔

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

مجیب : مولانا فرحان احمد عطاری مدنی

فتوی نمبر : Web-2240

تاریخ اجراء : 15 رجب المرجب 1446ھ/16 جنوری 2025ء

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.fatwaqa.com
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net